0602E1506

Candidate's Seat No :________

MA Sem.-1 Examination

405

Urdu

February-2025

Time : 2-30 Hours] **[Max. Marks : 70**

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات لازمی ہیں اور ان کے مارکس بائیں جانب درج ہیں۔ سوال نامے میں درج نمبر ہی جوابی پرچے پر تحریر کریں۔

سوال : ۱ علمِ عروض کیا ہے؟ اس کی تعریف بیان کرتے ہوئے علمِ عروض کی تاریخ بیان کیجئے۔ ۱۴

(یا)

تقطیع کیا ہے؟ اس کے بنیادی اُصولوں پر روشنی ڈالئے۔

سوال : ۲ غزل کیا ہے؟ اس کی تعریف بیان کرتے ہوئے غزل کے اجزائے ترکیبی پر روشنی ڈالئے۔ ۱۴

(یا)

علمِ عروض کی اہمیت اور ضرورت پر سیر حاصل بحث کیجئے۔

سوال : ۳ مندرجۂ ذیل میں سے کسی بھی سات (۷) کی تعریف مع مثال تحریر کیجئے۔ ۱۴

(۱) تجنیس مکرر (۲) تجنیس محرف (۳) تجنیس ناقص

(۴) تجنیس مُضارع (۵) تجنیس خطی (۶) تجنیس لاحق

(۷) تجنیس مرکب (۸) تجنیس تام (۹) تجنیس مزیل

سوال : ۴ مندرجۂ ذیل میں سے کسی بھی سات (۷) کی تعریف مع مثال تحریر کیجئے۔ ۱۴

(۱) صنعتِ تلمیح (۲) صنعتِ ایہام (۳) صنعتِ لف ونشر

(۴) صنعتِ مقابلہ (۵) صنعتِ تردوعکس (۶) صنعتِ مبالغہ

(۷) صنعتِ حسن تعلیل (۸) صنعتِ ایہام (۹) صنعتِ مراعاۃ النظیر

سوال : ۵ مندرجۂ ذیل میں سے کسی بھی سات (۷) سوالات کے جوابات لکھئے۔ ۱۴

(۱) شعر میں ایک ہی قسم کے ارکان رکھنے والی بحر کو کیا کہتے ہیں؟

(۲) ہندی یا سنسکرت کا عروض ہے جسے "چھند" کہا جاتا ہے بعد میں کس نام سے مشہور ہوا؟

(۳) واؤ "معدولہ" کسے کہا جاتا ہے؟

(۴) "مسمّع" کس نظم کا کہا جاتا ہے؟

(P.T.O.)

(۵) "الف ممدودہ" کسے کہتے ہیں؟ مع مثال بتائیں۔

(۶) غزل میں کم سے کم اور زیادہ سے زیادہ کتنے مصرع ہوتے ہیں؟

(۷) حرفِ ربط یا "حرفِ جار" کسے کہتے ہیں؟

(۸) "سبب خفیف" کسے کہتے ہیں؟

(۹) شبلی نعمانی نے کس کلمے کو "فصیح" کلمہ کہا ہے؟

(۱۰) انشاء اللہ خاں انشاؔ نے قواعد پر کون سی کتاب لکھی ہے؟

(۱۱) "بحر قریب" کو کس نے وضع کیا ہے؟

(۱۲) "سقوط" سے کیا مراد ہے؟

---ختم شد---